## سوال

ن کردرا(وپڑ85ھنا

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

اگرامام نمازمیں کوئی ایسی سورہ پڑھے جس میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا نام مبارک ہو۔ مقتدی جسب عادت مقتدی ہونے کی حالت میں صلی اللہ علیہ وسلم کہدے توکیا اس سے نماز فاسد ہوجائے گی۔ ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال

م السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ں حضور کا نام سن کر صلی اللہ علیہ وسلم کہہ دے تواس سے نماز فاسد نہیں ہوتی۔ اس لیے کہ حدیث میں مطلق آیا ہے کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا نام سنے تو درود پڑھے۔ اس میں نماز کی حالت بھی آسکتی ہے۔ اور اگر کوئی نہ پڑھے تو بھی حرج نہیں۔ کیونکہ اس صورت میں دوسری حدیث :

ء من القرآن اذا جهرت الابأم القرآن»

پر عمل ہوجائیگا۔ یعنی جب میں جہر سے پڑھوں توفاتحہ کے سوا کچھ نہ پڑھو۔

وباللہ التوفیق

[فتاویٰ اہلحدیث]

[کتاب الصلوۃ، قراءت کا بیان، ج2ص140]

[محدث فتویٰ]